لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ٣٦	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٢٤ شعبان ١٣٤٢ھ مطابق ٣١ مارچ ١٩٢٤ء	نمبر ١٢

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
١	منظوری قواعد تحقیقات عادی و عذرات نسبت جائداد متروکہ۔	١و٢و٣
٢	تبدیلی اسم عہدہ۔	٣
٣	رخصت ایلمہ میونسپلٹی۔	٣
٤	رخصت منشی حامد علی خاں ایلمہ۔	٣
٥	نسبت انتظام درختان نیلامی وغیرہ۔	٣و٤
٦	رخصت منشی سلطان حسن خاں پیشکار۔	٤
٧	منشی علی حسین خاں محرر خوردنیل	٤
٨	نقشہ نرخنامہ اجناس ۔ نقشہ حیات وممات	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ٩ مارچ ١٩٢٤ء

ملاحظہ ہوا۔ مسودہ قواعد منسلکہ منظور ہے۔ برائے کارروائی ضابطہ واپس ہو۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر سامانہ

جناب عالی

صیغہ اجرا ڈگری دیوانی میں جو جائداد قرق کیجاتی ہے اسکی بابت اکثر عذرداریان

دائر ہوتی ہین ۔ایسی عذرداری وہ عاوی کی تحقیقات و تصفیہ کے لئے کوئی قواعد مفصل اِکلام ریاست مین موجود نہین ہین ۔صرف ایک حکم ماہ ستمبر سنہ ۹۳ء کا ان الفاظ مین ہو "عذر دار یکہ قابض جائداد مقروقہ باشد تحقیقات مطابقہ مستغرقات کردہ آید ۔ و عذردار غیر قابض را ہدایت گردد کہ نالش نمبری کند" اس مجمل حکم کی تعبیر مین قسم قسم کی دشواریان پیش آتی ہین مثلاً حال مین ایک مقدمہ ترقیخواہ کے روبرو آیا جسمین ایک کرایہ دار کے سامان کی قرقی کے ساتھ اصل مالک دوکان کی الماری وغیرہ صرف ۵۰ کی قرقی ہوگئی اور اُسکی عذرداری عدالت ابتدائی سے بربنار اس حکم کے یہ لکھکر نامنظور کی گئی کہ عذردار قابض دُکان نہین ہو اُسکو نالش نمبری کرنا چاہئے۔ اس خفیف رقم کی واپسی کے لئے ایک مدت تک اُسکو نالش و اپیل در اپیل کی پیروی کرنا صرف کثیر کا باعث ہو۔ علاوہ اسکے کہ ایسی خفیف معاملات مین اہل معاملہ کو کثیر روپیہ صرف کرنا پڑتا ہو۔ یہ حکم باعتبار ضابطہ ناکافی ہو۔ اس دشواری کو رفع کرنے کے لئے ترقیخواہ نے ایک مسودہ قواعد مرتب کیا ہو جو بامید صدور حکم منظوری ہمراہ عرضداشت ہذا ارسال اجلاس ہمایون ہو۔ دولت و اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشار حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون ۔اور گزٹ مین بھی مع مسودہ قواعد شائع ہو ۔اور قواعد کی دو سو کاپیان جلد طبع کراکر اجلاس ہذا مین بھیجدیجائین ۔ اول پروف دکھلالیا جائے تاکہ غلطی کا احتمال نہ رہے۔ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

قواعد تحقیقات دعاوی و عذرات نسبت جائداد مقروقہ بصیغہ اجرائے ڈگری دیوانی

قاعدہ نمبر ۱ (۱) اگر کوئی جائداد بصیغہ اجرائے ڈگری سے قرق کیجائے اور کوئی دعوے نسبت اُس جائداد کے یا عذر نسبت قرقی کے اس بنا پر کیا جائے کہ وہ جائداد قرقی کے لائق نہین ہے تو عدالت کو لازم ہو کہ دعوے یا عذر کی تحقیقات کرے اور در باب لینے اظہار شخص دعوے دار یا عذردار کے اور نیز جملہ دیگر امور مین وہی اختیار عمل مین لائے کہ گویا وہ فریق مقدمہ تھا مگر شرط یہ ہے کہ اگر عدالت کے نزدیک ایسے دعوے یا عذر کے پیش کرنے مین قصداً یا بلا ضرورت توقف ہوا ہو تو اُسکی تحقیقات نہ کیجائیگی

(۲) اگر وہ جائداد جس سے دعوے یا عذر متعلق ہو مشتہر نیلام ہوچکی ہو تو جائز ہے کہ عدالت جسنے نیلام کا حکم دیا ہو تا دوران تحقیقات، دعوے یا عذر نیلام ملتوی رکھے

قاعدہ نمبر ۲ شخص دعویدار یا عذردار کو اس بات کا ثبوت دینا لازم ہو کہ قرقی کی تاریخ پر وہ جائداد مقروقہ مین کوئی حق رکھتا تھا یا اُس پر قابض تھا۔

قاعدہ نمبر ۳ ۔اگر ایسی تحقیقات سے عدالت کا اطمینان ہوجائے کہ باعتبار وجہ مندرجہ دعوے یا عذرداری جائداد مذکور قرقی کے وقت مدیون ڈگری کی قبضہ مین یا اُسکی طرف سے امانتاً کسی اور شخص کے قبضہ مین نہ تھی یا کسی مستاجر یا اور شخص کے دخل مین نہ تھی جو مدیون ڈگری کو زر اجارہ دیتا ہو یا یہ کہ وہ جائداد گو قرقی کے وقت مدیون ڈگری کے قبضہ مین رہی ہو مگر وہ اپنے لئے یا بطور اپنی ملکیت کے اُسپر قابض نہ تھا بلکہ کسی غیر شخص کے لئے یا بطور امانت دار دوسرے شخص کے اُسکیطرف سے قبضہ رکھتا تھا تو عدالت کو لازم ہوگا کہ جائداد مذکور کے کلاً یا جزاً جسقدر مناسب ہو قرقی سے واگذاشت ہونیکا حکم صادر کرے۔

(تشریح) لفظ "مستاجر" مندرجہ قاعدہ ہذا مین "شکمی کاشتکار" اور لفظ "زر اجرت" مین زر شکمی اور کرایہ اور لگان داخل ہے

قاعدہ نمبر ۴ ۔اگر عدالت کا اطمینان ہوجائے کہ مدیون ڈگری جائداد مقروقہ پر قرقی کے وقت بطور مالک کے قابض تھا نہ کسی دوسرے شخص کیطرف سے یا کہ کوئی اور شخص اُسپر مدیون ڈگری کی طرف سے امانتاً قابض تھا یا کہ وہ کسی مستاجر یا اور شخص کے دخل مین ہو جو مدیون ڈگری کو زر اجرت دیتا ہو تو عدالت کو لازم ہو کہ اُس دعوے کو نامنظور کرے۔

قاعدہ نمبر ۵ - اگر دعوےٰ دائر ہو یا عذرداری داخل ہو تو جس فریق کے خلاف حکم صادر کیا جاوے اُسکو اختیار ہے کہ نالش نمبری کرکے پہلے ثابت کرائے اس حق کے جو اُسکو جائداد متنازعہ میں پہنچتا ہے رجوع کرے مگر سوائے پابندی نتیجہ ایسے نالش کے دیگر نالش کیجاوے) اور سب طرح وہ حکم قطعی ہوگا۔

قاعدہ نمبر ۶ - یہ قواعد مقدمات علاقہ قدیم ریاست رامپور سے متعلق ہونگے۔

قاعدہ نمبر ۷ - حکم ۱۱ر ستمبر ۱۹۲۳ء اور حکم ۱۴ر مئی ۱۹۱۸ء یا اور کوئی احکام جو مناقض ان قواعد کے ہوں تاریخ نفاذ قواعد ہذا سے منسوخ سمجھے جائیں گے

قاعدہ نمبر ۸ - یہ قواعد اُن دعاوی و عذرات سے بھی متعلق ہونگے جو بربنائے قرقی قبل از فیصلہ دائر کئے جائیں

[illegible]

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

تبدیلی اسم عہدہ

۱۶ر مارچ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - آر - ایس نار ایک عہدہ کا نام (جسکا تقرر فی الحال نہیں ہوا ہے) بجائے وٹرنیری اسسٹنٹ کے وٹرنیری انسپکٹر منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ر مارچ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب میونسپل افسر شوکت علی خان اہلمد میونسپلٹی کی رخصت تین ماہ بعوض مولوی عبدالجبار خان منظور کی گئی - ایک ماہ کی تنخواہ برعایت ملازمت دیرینہ رخصتی پوری پائیگا - باقی دو مہینے کی تنخواہ نصف رخصتی اور نصف عوض کو دیجائیگی یعنی ایک ماہ کی کارکردگی کی تنخواہ عوض کو نہیں دیجائیگی۔

رخصت

۱۶ر مارچ ۱۹۲۲ء

منشی حامد علی خان اہلمد اجلاس کی رعایتی رخصت تین ماہ روز استغاثہ سے منظور ہوئی - کار متعلقہ اہلمد مذکور محب علی خان اُمیدوار انجام دیگا اور دس روپیہ ماہوار بانداج برادر موم قسن محب علی خان پائیگا۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۹ر فروری ۱۹۲۲ء

درختان و جہدہ ہائے بسور یا گری پڑی لکڑی مال سرکار کی قیمت حسب ذیل طریقوں سے داخل خزانہ ہوا کرتی ہے۔

۱ - واقعہ نیلام۔

۲ - بعض صورتوں میں مثل آتشزدگی سیلاب زدگی وغیرہ تخمینی قیمت پر بھی مستاجران و رعایا کو درخت و بانس دیئے جاتے ہیں۔

۳ - کارخانہ جات کے لئے مشین وغیرہ بنوانے کے صرف میں جو لکڑی آتی ہے اُسکی قیمت وہاں سے آتی ہے اور بالوں نیلام کردی جاتی ہیں۔

۴ - کبھی کبھی سرکاری ضرورت کے لئے تعمیرات انہار و گھاٹ کے لئے صیغہ مال سے لکڑی دیجاتی ہے اُسکی قیمت بھی اُن صیغوں سے آیا کرتی ہے۔ اگلے زمانے میں پہلے جو درخت لئے جاتے تھے یا لکڑی کٹوا کر دیجاتی ہے اُسکی قیمت بحساب درج بندی لیجایا کرتی ہے لیکن اب عرصہ سے یہ طریقہ نہیں رکھا گیا ہے بلکہ تخمینہ پر لکڑی دیجاتی ہے۔

۵ - بعض صورتیں ایسی بھی پیش آتی ہیں کہ خریداران نیلام نیلام شدہ درختوں سے اگر کوئی زائد درخت کاٹ لیتے ہیں تو اُنسے اُنکی اصلی قیمت یا زائد المضاعف وغیرہ بطور تاوان لیجاتی ہے۔

۶ - فیس تبادل نام خریداران یا فیس توسیع میعاد قطع درختان کی بھی کچھ آمدنی ہوا کرتی ہے۔

آمدنی اقسام متذکرہ بالا کا کوئی رجسٹر یا مکمل حساب ایسا نہیں بنتا ہے جس سے قابل اطمینان یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسقدر مطالبہ واجب ہوکر

انمین سے کسقدر وصول ہوا اور کسقدر باقی رہا اور وقت پڑنے وصول ہو جایا یا نہین - بعض صورتین ایسی پیش آیا کرتی ہین کہ کسی لکڑی کا نیلام ختم منظوری ہونے کے بعد اسکو خریدار نہین لیتے ہین تو دوبارہ نیلام کرنا پڑتا ہی اور اسکی کمی خریدار سابق کے ذمہ عائد ہوتی ہی - ایسے مطالبہ کا عمل بھی باقاعدہ کسی رجسٹر مین نہین ہوتا ہی - بعض مطالبات کی کمی نیلام وغیرہ کی قسط بندی کیجاتی ہی اسکا بھی باقاعدہ عملدرآمد نہین ہوتا ہی - لہذا بنظر اصلاح ترتیب حسابات مناسب معلوم ہوتا ہی کہ سررشتہ واصلباقینویس صدر مین اسکا ایک رجسٹر کھولدیا جائے جسمین قیمت درختان ولکڑی وبسور وغیرہ مصرحہ بالا کے جملہ مطالبات مصرحہ بالا درج ہو جایا کرین اور وقتاً فوقتاً انکے مقابلہ مین وصول بقید تاریخ پڑتا ہی جس سے ہر وقت مطالبہ واجب اور انکے وصول اور باقی کا حال معلوم ہوتا رہی - لہذا

حکم ہوا کہ

صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر کی خدمت مین تصدیعہ دیاجائے کہ نیلام لکڑی کے جلسہ کی منظور شدہ فہرست بعد ختم جلسہ بغرض اندراج رجسٹر واصلباقینویس صدر کے پاس بھیجدیا کرین - اور اگر علاوہ جلسہ نیلام کسی جداگانہ حکم یا مثل کے ذریعہ سے لکڑی کسیکو بقیمت دیجائے تو اسکا بھی اطلاعی حکم بغرض اندراج رجسٹر واصلباقینویس صدر کے پاس بھیجدیا کرین اجلاس ہذا سے جو ستاجرانکی درخواستونپر بضرورت امداد آبادی ودیگر سیلاب زدگی وغیرہ درخت دئے جائین انکے احکام بھی بقید تعداد وقیمت واصلباقینویس صدر کے پاس بھیجے جایا کرین - اور جو احکام نسبت وصول یا اخذ فیس یا داخلخارج یا اخذ قیمت یا وصول قیمت لکڑی زائد قطع شدہ بطور تاوان صادر ہوا کرین انکی بھی اطلاع واصلباقینویس صدر کو دیجایا کرے پیشکاران اجلاس اسکی پابندی کرتے رہین اور اہلمدان اجلاس بھی مطلع ہوکر اسکی پوری پابندی کرتے رہین - واصلباقینویس صدر کو لکھا جائے کہ آپ سررشتہ مین پرگنہ وار ایسے رجسٹر کھولدین اور اسکا ضروری نمونہ تجویز کرکے ہمکو ملاحظہ کرادین اور آئندہ وصولباقی کا گوشوارہ اس رجسٹر سے مرتب کرکے ماہوار ہمکو ملاحظہ کراتے رہین - تاریخ اجرائے روبکار ہذا سے یا قبل کا جو مطالبہ جنکے ذمہ باقی ہو انکی مفصل فہرست جس سے ہر مطالبہ کے متعلق معلوم ہو کہ کس جلسہ نیلام کا کس موضع کی لکڑی کا کسکے ذمہ کسقدر مطالبہ کسوجہ سے باقی ہی اور کس بابت یعنی قیمت لکڑی کا ہی یا کمی نیلام یا تاوان زائد قطع کرانے کا ہے صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر بمیعاد دو ہفتہ مرتب کراکر ہمارے اجلاس مین بھیجدین اس فہرست مین یہ بھی ظاہر کیا جائے کہ مطالبہ باقیماندہ کی کیا صورت تحصیل ہو رہی ہی اس فہرست کے آجانے کے بعد اسکی صحیح نقل واصلباقینویس صدر کے پاس بغرض علاوہ رجسٹر بھیجدی جائیگی - واصلباقینویس صدر کو ہدایت ہوگا کہ جو نقشہ یا حکم یا مثل اُن کی یہاں بغرض اندراج جائے اُس کو بعد اندراج رجسٹر جلد واپس بھیجدیں پڑا نہ رکھیں تاکہ آئندہ کی کارروائیوں میں حرج نہو - ایک نقل اس روبکار کی بخدمت صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری اور ایک نقل واصلباقینویس صدر کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل بغرض اشاعت گزٹ ذریعہ رسالہ ارجب مہتمم صاحب مطبع کو بھیجی جائے -

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

رعایتی رخصت یکماہ سلطان حسن خان پیشکار فوجداری ضلع منظور ہوئی - بجائے پیشکار جمیل الدین اہلمد اور بجائے جمیل الدین انوار رسول اہلمد کام کریگا اور انوار رسول کا کام سید الحق ارجنٹ ہی - الاؤنس دس روپیہ دیا جائیگا

۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

منشی علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ملک کی رعایتی رخصت یکماہ یکم اپریل سنہ حال سے منظور کی گئی - رخصتی کا کام حسب رائے منصف صاحب ملک منشی تہذیب محرر رجسٹری متعینہ تحصیل ملک سے لیا جائیگا -

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی - ہر نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرماکر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی - اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہی جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصولڈاک عرف [illegible]

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی - اسمین خداوند عالم کی وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی - اسکی قیمت بھی علاوہ محصولڈاک [illegible]

جسقدر نسخے مطلوب ہوں - درخواست مہتمم صاحب کتبخانہ کی خدمت مین ارسال فرمائے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری فروری سنہ ۱۹۲۴ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ عورت	تفصیل فوتی: میزان مرد	تفصیل فوتی: میزان عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندوں و زہریلے جانوروں کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۸	۷	۱۵	۴	۴۴	۳۳	۱۱	۱۳	۳	۰	۲	۱۸	۱۰	۳۱	۱۵	۳۱	۱۵	۰	۶	۰	۳۹	۰	۰	۰	۴۶	
گنج	۳۲	۸	۱۳	۲	۵۶	۴۶	۱۰	۷	۷	۰	۰	۷	۵	۱۴	۱۲	۱۹	۷	۰	۸	۰	۱۸	۰	۰	۰	۲۶	
حوالی شہر	۱۱	۱۶	۱۱	۱۶	۵۴	۲۲	۳۲	۴	۲	۱	۰	۷	۶	۱۲	۸	۴	۱۶	۰	۰	۲۰	۰	۰	۰	۰	۲۰	
عظیم نگر	۴۲	۱۹	۲۸	۱۸	۱۰۷	۷۰	۳۷	۳	۳	۱	۵	۱۹	۲۱	۲۳	۲۹	۳۱	۲۱	۰	۰	۰	۵۲	۰	۰	۰	۵۲	
شاہ آباد	۱۶	۲۹	۱۰	۳۶	۹۱	۲۶	۶۵	۱۲	۶	۳	۱	۲۵	۲۳	۴۰	۳۰	۲۲	۴۸	۰	۰	۰	۷۰	۰	۰	۰	۷۰	
پٹوائی	۱۲	۳۴	۱	۳۹	۸۶	۱۳	۷۳	۵	۴	۲	۱	۱۲	۴	۱۹	۹	۴	۲۴	۰	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۲۸	
ملک	۱۸	۱۰۲	۲۵	۸۸	۲۳۳	۴۳	۱۹۰	۲۸	۱۵	۳	۵	۳۹	۱۹	۷۰	۳۹	۱۶	۹۳	۰	۰	۰	۱۰۹	۰	۰	۰	۱۰۹	
بلاسپور	۴	۱۳	۵	۹	۳۱	۹	۲۲	۲	۲	۲	۱	۱۴	۱۱	۱۸	۱۴	۱۹	۱۳	۰	۰	۰	۳۲	۰	۰	۰	۳۲	
کیمری	۳	۱۷	۷	۱۴	۴۱	۱۰	۳۱	۳	۳	۰	۰	۷	۳	۱۰	۶	۵	۱۱	۰	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۱۶	
سوار	۳۲	۱۸	۲۸	۹	۸۷	۶۰	۲۷	۹	۵	۲	۳	۳۶	۳۹	۴۷	۴۷	۶۰	۳۴	۰	۱	۹۳	۰	۰	۰	۰	۹۴	
ٹانڈہ	۱۰	۹	۱۹	۱۴	۶۰	۳۷	۲۳	۳	۰	۲	۳	۱۲	۱۵	۱۷	۱۸	۱۸	۱۷	۰	۰	۰	۳۵	۰	۰	۰	۳۵	
میزان	۲۰۴	۲۷۲	۱۹۳	۲۲۱	۸۹۰	۳۷۹	۵۱۱	۸۵	۸۰	۱۶	۲۱	۱۹۶	۱۵۶	۳۰۱	۲۲۶	۲۲۹	۲۹۹	۰	۱۶	۱۱۳	۳۹۹	۰	۰	۰	۵۲۸	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ لغایت ۳۰ مارچ ۱۹۰۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ سیر	۷ سیر		۹ سیر		۷ سیر	
نخود خالص	۱۱ سیر	۱۲ سیر		۱۵ سیر		۱۴ سیر	
نخود کرسہ آمیز	۱۳ سیر	۰		۷ سیر		۱۵ سیر	
کسہ	۱۷ سیر	۰		۱۸ سیر		۱۶ سیر	
ماش	۹ سیر	۱۰ سیر		۰		۹ سیر	
مونگ	۹ سیر	۰		۰		۹ سیر	
مکا	۱۲ سیر	۱۲ سیر		۱۳ سیر		۱۴ سیر	
جئی	۰	۱۷ سیر		۰		۱۶ سیر	
گوجئی	۰	۰		۰		۱۳ سیر	
عدس	۱۲ سیر	۰		۰		۱۲ سیر	
ارہر	۰	۰		۰		۱۳ سیر	
برنج	۵ سیر	۵ سیر		۵ سیر		۵ سیر	
روغن زرد	۶ چھٹانک	[illegible]		[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	۱ سیر	۱ سیر		۱ سیر		۱ سیر	
روغن کنجد	۲ سیر	۲ سیر		۲ سیر		۱ سیر	
نمک سانبھر	۵ سیر	۶ سیر		۶ سیر		۶ سیر	
نمک لاہوری	۰	۶ سیر		۵ سیر		۷ سیر	
قند سیاہ	۵ سیر	۷ سیر		۸ سیر		۷ سیر	
باجرہ	۱۰ سیر	۱۱ سیر		۰		۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور